21895 - بیت الخلاء میں وضوء کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا

سوال

کیا مسلمان شخص کے لیے قضائے حاجت کے بعد بیت الخلاء میں وضوء کرتے وقت بسم اللہ پڑھنی جائز ہے ، یا وہ باہر نکل کر بسم اللہ پڑھے اور پھر اندر داخل ہو کر وضوء کرے ، (کیونکہ بسم اللہ کے بغیر وضوء نہیں ہوتا) اور کیا میں دوران غسل اللہ کا نام لے سکتی ہوں ؟

پسندیدہ جواب

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو ان کا جواب تھا :

"اگر انسان غسل خانہ یا بیت الخلاء میں ہو تو وہ دل میں بسم اللہ پڑھے ، اور زبان سے حروف کی ادائیگی نہ کرے ، اور اگر ایسا ہی ہے تو آپ اس پر عمل کریں ، کیونکہ راجح قول کے مطابق بسم اللہ واجبات میں نہیں بلکہ مستحبات میں شامل ہوتی ہے ، چنانچہ آپ میں وسوسہ اور غفلت نہیں ہونی چاہیے .